ناشران نے جلد اوّل کو جو سورۂ فاتحہ سے سورۂ توبہ پر مشتمل ہے بڑے سلیقے اور اہتمام کے ساتھ شائع کیا ہے، ہدیہ درج نہیں۔

اسلام اور جمہوریت | تالیف: جناب ملک امجد حسین صاحب ایڈوکیٹ۔ مقامِ اشاعت: مکتبہ نوائے وقت، کوئنز روڈ، لاہور۔ قیمت دو روپے پچیس پیسے۔ صفحات ۱۶۸

اس کتاب کے مصنف اس ملک کے تعلیم یافتہ طبقے میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ وہ وقتاً فوقتاً مختلف موضوعات پر نوائے وقت میں بڑے متوازن اور فکر انگیز مقالات لکھتے رہتے ہیں۔ زیرِ نظر کتاب میں ۱۹۶۲ء سے جنوری ۱۹۶۵ء تک کے مضامین کو یکجا کر دیا گیا ہے۔ ان مضامین کا تعلق عصری سیاست سے ہے اور اس میں ملک صاحب نے اسلام اور جمہوریت کے نقطۂ نظر سے ملک کی سیاسی صورتِ حالات کا جائزہ لیا ہے۔

فاضل مصنف کی ہر رائے سے اتفاق نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن ان مضامین کو پڑھنے کے بعد غور و فکر کی نئی راہیں اور عمل کے نئے میدان ضرور سامنے آتے ہیں اور قاری یوں محسوس کرتا ہے کہ ایک صاحبِ بصیرت اور صاحبِ دل شخص نے اپنے گرد و پیش کا جائزہ لینے کی کوشش کی ہے۔ ملک صاحب کی تحریر سادہ اور اثر انگیز ہے۔ اور انہوں نے دلائل سے اپنے موقف کی وضاحت کی ہے۔

کتاب کے آغاز میں پیش لفظ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ اور تعارف جناب چوہدری محمد علی صاحب نے لکھا ہے۔

الحزب المقبول من احادیث الرسول | مرتبہ: جناب ابو احمد صاحب۔ شائع کردہ علمی کتاب خانہ اردو بازار، لاہور۔

حضور سرورِ کائنات کی دعائیں اپنے اندر جو گہری معنویت اور غیر معمولی اثر انگیزی رکھتی